خالی آسامیاں

ضلعی عدلیہ کوہاٹ میں درج ذیل خالصتاً عارضی اسامیوں کیلئے ضلع کوہاٹ کیلئے مستقل سکونت پذیر اور ڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام اسامی/ بنیادی اسکیل	تعلیمی معیار/اہلیت	عمر حد	تعداد اسامی	کوٹہ	[illegible]
1	Assistant (BPS 16)	کسی بھی منظور شدہ یونیورسٹی سے کم از کم سیکنڈ کلاس بیچلر ڈگری	20تا32سال	1	اوپن میرٹ	دونوں
2	Computer Operator (BPS 16)	کسی بھی منظور شدہ یونیورسٹی سے MCS/BCS/BIT کی ڈگری کا حامل ہو	18 تا 30 سال	2	خواتین 1 اقلیت 1	
3	Senior Scale Steno Grapher (BPS 16)	بیچلر ڈگری یا مساوی،شارٹ ہینڈ بمعہ 100 الفاظ فی منٹ سپیڈ،انگلش ٹائپنگ سپیڈ 40 الفاظ فی منٹ، MS Officeپر عبور رکھتا ہو	18 تا 30 سال	1	اوپن میرٹ	مرد و خواتین دونوں

شرائط و ضوابط

(1). امیدواروں کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر عارضی طور پر ETEA اسکریننگ ٹیسٹ میں شرکت کی اجازت دی جائے گی، تاہم تفصیلی جانچ پڑتال متعلقہ تقرری اتھارٹی

کی جانب سے کی جائے گی اور اگر کسی بھی مرحلے پر کوئی بھی امیدوار کسی بھی اعتبار سے نااہل پایا گیا تو اس کی تقرری اتھارٹی کی جانب سے نااہل قرار دیا جائے گا۔

(2). تمام امیدواروں کیلئے لازم ہو گا کہ وہ ETEA کی ویب سائٹ پر ڈیجیٹل پروفائل بنائیں۔ پروفائل بنانے کے بعد کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینے/فیس جمع کروانے سے قبل

امیدوار ETEA کی ویب سائٹ سے Sahulat-E ٹوکن پرنٹ کریں اور اپنا شناختی کارڈ NADRA کے ای-سہولت (کیاسک) سے تصدیق کروائیں۔ اس تصدیق کے بغیر کسی

بھی آسامی کیلئے درخواست دینا ممکن نہیں ہوگا۔

(3).ETEA کے کامیاب قرار دیئے والے امیدواروں کو بعد ازاں اہلیت کے معیار کے مطابق مزید جانچ پڑتال کے عمل سے گزارا جائے گا۔

(4). امیدواروں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اشتہار میں دی گئی آخری تاریخ تک ہر لحاظ سے اہل ہوں۔

(5). مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں قبول نہیں کی جائیں گی؛ نامکمل درخواستیں یا نامکمل دستاویزات/غلط معلومات کے ساتھ جمع کروائی گئی درخواستیں کسی بھی مرحلے پر مسترد کر دی جائیں گی۔

(6). امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کی اطلاع SMS کے ذریعے دی جائے گی، لہٰذا امیدوار پورے امتحانی عمل کے مکمل ہونے تک اپنی فعال سم بند یا تبدیل نہ کریں؛ بصورت دیگر اس کی ذمہ داری خود امیدوار پر عائد ہو گی۔

(7) . مذکورہ آسامیوں کیلئے عمر کی حد کا تعین امتحان/ٹیسٹ دینے والے سال کی 2026-01-01 کو کیا جائے گا؛ تاہم عمر کی بالائی حد میں رعایت متعلقہ قوانین کے مطابق دی جائے گی۔

(8). انٹرویو کے دن اصل اسناد پیش کرنا لازمی ہے۔ سرکاری/نیم سرکاری اداروں میں کام کرنے والے امیدوار متعلقہ ادارے سے NOC فراہم کریں گے۔

(9). جعلی/غیر تصدیق شدہ اسناد فراہم کرنے پر نااہل قرار دیا جائے گا۔

(10). ٹیسٹ/انٹرویو کیلئے کسی بھی قسم کا TA/DA (سفری یا یومیہ الاؤنس) نہیں دیا جائے گا۔

(11). غیر ملکی ڈگری کی صورت میں HEC سے مساوی سرٹیفکیٹ فراہم کرنا لازمی ہو گا۔

(12). بعد از تعیناتی تنخواہ اور دیگر الاؤنس قانون کے مطابق دیئے جائیں گے۔

(13). جملہ بھرتیاں فنانس ڈیپارٹمنٹ، حکومت خیبر پختونخواہ کی NOC/منظوری سے مشروط ہوں گی۔

درخواست دینے کا طریقہ کار

(1). درخواست دینے سے پہلے تمام امیدواران www.etea.edu.pk وزٹ کریں اور آن لائن درخواست دیں۔

(2). آن لائن درخواست کامیابی سے جمع کروانے کے بعد ایک ڈیپازٹ سلپ حاصل ہوگی جس میں مخصوص ٹوکن نمبر، پراجیکٹ کوڈ اور امیدوار کی ذاتی معلومات درج ہوں گی۔

(3). اس ڈیپازٹ سلپ کا پرنٹ نکال کر مقررہ ٹیسٹ فیس (ناقابل واپسی) UBL بینک یا ایزی پیسہ ایپ/ایزی پیسہ بینک ایجنٹ یا کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں۔

(4). فیس جمع کروانے کے بعد بینک سے مہر شدہ اصل ڈیپازٹ سلپ (امیدوار کی کاپی) اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اسے کسی سے شیئر نہ کریں۔

(5). آن لائن درخواست دینے کے بعد ابتدائی طور پر دستاویزات ETEA دفتر نہ بھیجیں۔ تاہم اسکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواران سے ضرورت کے وقت دستاویزات

طلب کی جائیں گی۔

(6). آن لائن درخواست فارم www.etea.edu.pk پر **01/10/2026**کو دستیاب ہوگا۔

(7). آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ **30/10/2026** ہے۔

(8). امیدواروں کو ETEA کی جانب سے SMS کے ذریعے اطلاع دی جائے گی کہ وہ www.etea.edu.pk سے اپنا رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں۔ امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنا درست اور فعال موبائل نمبر فراہم کریں۔

(9). ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور مقام رول نمبر سلپ پر درج ہوگا۔

(10). اسکریننگ ٹیسٹ کیلئے کوئی علیحدہ کال لیٹر بذریعہ ڈاک یا کوریئر جاری نہیں کیا جائے گا۔